# 46962 ـ دوران دعا امام اللہ تعالى كى ثناء بيان كرے تو كچھ مقتدى "نَشْہَدُ" يا "حَقًّا" كہتے ہيں

**سوال**

سوال: بسا اوقات ہميں دعائے قنوت ميں كچھ مقتدى حضرات "نَشْہَدُ" يا "حَقًّا" يا "آمِيْن" يا "سُبْحَانَكَ" كہتے ہوئے سنائى ديتے ہيں، اگر يہ الفاظ كہنا ثابت ہيں تو ہميں بتلائيں كہ يہ الفاظ كب كہے جاتے ہيں؟

**پسنديده جواب**

الحمد للہ.

احاديث مباركہ ميں ہے كہ امام جس وقت دوران نماز دعائے قنوت پڑھے مقتدى امام كى دعا پر آمين كہيں گے، ليكن اللہ تعالى كى حمد و ثناء كے وقت افضل يہى ہے كہ امام كى حمد و ثناء پر اكتفا كرتے ہوئے مقتدى خاموش رہيں۔

جبكہ كچھ مقتدى "نَشْہَدُ" يا "يَا اَللهُ" يا كچھ اور كہتے ہيں اس كى كوئى دليل نہيں ہے۔

اختصار كے ساتھ ماخوذ از: تصحيح الدعاء" ( ص419 – 423)

واللہ اعلم.